41803 ـ سونے کے زیوارت بناتے وقت ایك شخص کا سونا دوسرے شخص کے سونے میں خلط ملط ہونے کا حکم

سوال

اگر کوئی شخص زیور تیار کرنے کےلیے کاریگر کو سونا دے، اور سونا پگھلاتے وقت فیکٹری میں سونا کسی دوسرے کے سونے میں مل جائے لیکن سونا واپس کرتے وقت وزن وہی ہو جو کاریگر کو دیا گیا تھا اس کا حکم کیا ہو گا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

فیکٹری والوں کو چاہیے کہ وہ لوگوں کا مال ایك دوسرے میں نہ ملائیں، اور اگر اس سونے کا کیرٹ مختلف ہو تو ہر ایك کو علیحدہ رکھیں.

لیکن اگر سونے کا قراط (کیرٹ) مختلف نہ ہو تو پھر اسے جمع کرنے میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ اس میں کوئی نقصان نہیں.